© rasailojaraid.com



# لندن ڈائری

شیخ عبدالواحد
(صدر احرار ختم نبوت مشن یوکے)

۳۰ رجون کو جرمنی کے سابق قادیانی لیڈر شیخ راحیل احمد، مشہور شاعر سید سلمان گیلانی اور مجلس احرار اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ کی برطانیہ آمد کے موقع پر ختم نبوت اکیڈمی فاریسٹ گیٹ لندن میں استقبالیہ تقریب اور اجتماع منعقد ہوا جس میں سید سلمان گیلانی نے اپنا منظوم کلام پیش کیا۔

تحریک ختم نبوت کے رہنما اور مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ نے استقبالیہ تقریب اور اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت امتِ مسلمہ کے لیے اتحاد و اتفاق کی علامت ہے جبکہ انکارِ ختم نبوت پر مبنی تمام فتنے اسلام کی زد میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منکرین ختم نبوت کو ہرگز یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اسلام کا ٹائٹل استعمال کر کے دنیا کو دھوکا دیں۔ انہوں نے کہا قادیانی دنیا بھر میں اسلام کا کلیم کر کے نہ صرف دنیا کو دھوکا دے رہے ہیں بلکہ مسلمانوں کے حقوق بھی غصب کر رہے ہیں۔ اس دھوکا دہی اور فراڈ کا پردہ چاک کرنا ہمارا بنیادی، انسانی، فطری حق ہے۔ انہوں نے برطانوی مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی اگلی نسلوں کے مستقبل کو محفوظ کرنے اور کفریہ تہذیب و تمدن سے بچانے کے لیے دین سے وابستہ کریں اور اپنی الگ تعلیمی درسگاہوں کا قیام عمل میں لائیں۔ انہوں نے کہا کہ نامساعد حالات کے باوجود اب بھی یہاں سلیقے سے کام کرنے کی گنجائش موجود ہے۔

عالمی مبلغ ختم نبوت عبدالرحمٰن باوا نے گزشتہ دنوں پنجاب میں سولہ قادیانیوں کا قادیانیت ترک کر کے صاحبزادہ طارق محمود کے ہاتھ پر اسلام قبول کرنے کا پُر جوش خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ دنوں میں ان شاء اللہ تعالیٰ ایسی خوشی خبریاں ملتی رہیں گی۔ علاوہ ازیں ورلڈ اسلامک فورم کے چیئرمین مولانا محمد عیسیٰ منصوری نے احرار رہنما عبداللطیف خالد چیمہ کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا جس میں مولانا قاری محمد عمران جہانگیری نے بھی شرکت کی، عبداللطیف خالد چیمہ نے مولانا محمد عیسیٰ منصوری سے موجودہ عالمی صورت حال اور امتِ مسلمہ کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی۔

☆......☆......☆

لندن (۶ رجولائی) احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے سیکرٹری جنرل عرفان اشرف چیمہ نے ریڈ برج لندن میں اپنی رہائش گاہ پر جرمنی کے مشہور سابق قادیانی لیڈر شیخ راحیل احمد کے اعزاز میں عشائیہ دیا جس میں ورلڈ اسلامک فورم کے چیئرمین مولانا محمد عیسیٰ منصوری، مولانا قاری محمد عمران خان جہانگیری، عالمی مبلغ ختم نبوت عبدالرحمٰن باوا، مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ اور حمزہ عرفان چیمہ نے بھی شرکت کی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شیخ راحیل احمد نے عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے پچاس سال سے زائد عرصہ انکارِ ختم نبوت میں گزارا، جس کا دکھ ہمیشہ ساتھ رہے گا کہ میں ساری تدبیریں اور صلاحیتیں اسلام کی بیخ کنی اور مرزا غلام احمد قادیانی کے دجل وفریب کے دفاع کے لیے استعمال کرتا رہا بالآخر اللہ تعالیٰ کی توفیق سے میں اس نتیجے پر پہنچا کہ قادیانیت ایک فریب اور دھوکہ ہے اور ظلم یہ ہے کہ یہ اسلام کے نام پر دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرزائیت کو سمجھنے کے لیے مرزا قادیانی کی کتب وتعلیمات کو پوری طرح پڑھنے کی ضرورت ہے۔ مرزا صاحب کی کتب کو اگر قادیانی ٹھنڈے دل سے پڑھیں تو ضرور اسی نتیجے پر پہنچیں گے جس پر میں پہنچا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ختم نبوت کے محاذ پر کام کرنے والی تمام جماعتیں ادارے اور شخصیات میرے لیے بہت ہی قابل احترام ہیں اور سب نے مجھے بے حد احترام دیا ہے مگر میں اصرار کے ساتھ یہ بات مسلسل کہہ رہا ہوں کہ خدارا قادیانیوں کو گالی گلوچ نہ دو ان کو پیار سے سمجھاؤ کہ وہ دھوکے کا شکار ہیں، ان کو قریب بٹھاؤ، ان کی سنو، ان کو سناؤ اور سمجھاؤ پھر دیکھیں قادیانیت ترک کرنے والوں کی تعداد کا تناسب کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ میں بقیہ زندگی پیغمبرِ اسلام ﷺ کی ختم نبوت کے تحفظ میں گزارنے اور سابقہ زندگی کے ازالہ کی خواہش لیے دنیا میں پھر رہا ہوں۔

☆......☆......☆

گلاسگو (۲۱/ جولائی) جمعیت اتحاد العلماء پاکستان کے صدر اور متحدہ مجلس عمل کے رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالمالک سے مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ اور احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر شیخ عبدالواحد اور حافظ ظہور الحق نے یوکے اسلامک مشن گلاسگو میں ملاقات کی، مولانا عبدالمالک اور عبداللطیف خالد چیمہ نے موجودہ صورت حال اور دینی جماعتوں کے کردار کے حوالے سے باہمی تبادلۂ خیال کیا، مولانا عبدالمالک نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ امت کے تمام طبقات کو مکمل ہم آہنگی اور اتفاق واتحاد کے ساتھ عالمِ کفر کے جبر واستبداد کے مقابلے میں ایک اکائی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ ان کے قابل قدر رفقاء کرام اور قافلۂ سخت جاں احرار نے ماضی میں استعماری قوتوں کے خلاف اور عقیدہ ختم نبوت کے دفاع کے لیے جو تاریخ ساز کردار ادا کیا وہ ہماری ملی وقومی اور دینی تاریخ کا اثاثہ ہے۔

عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ منکرینِ ختم نبوت اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ریشہ دوانیوں میں پیش پیش ہیں۔ اور فتنہ ارتداد مرزائیہ عالمِ کفر کا ایجنٹ بن کر حقِ نمک ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر فلسطین اور لبنان پر اسرائیل بمباری و سفاکی کی شدید مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے انسانیت کے نام پر کردار ادا کرنے کا پرزور مطالبہ بھی کیا گیا۔

© rasailojaraid.com